© rasailojaraid.com

تھا، اس نے ایک سال بعد سامعین کا ایک کلب منظم کرنے کے لیے از خود رابطہ قائم کیا۔ اور نوجوان ابھی تک پروگرام سن رہا ہے۔"

## فجی

### حضرت عیسیٰؑ کے بارے میں مسلمانوں کی تیار کردہ فلم پر پابندی

حضرت عیسیٰؑ کے بارے میں مسلمانوں کی تیار کردہ فلم Crucifixion or Cruci - fiction (تصلیب۔ حقیقت یا افسانہ؟)، جو غالباً احمد دیدات کی ایک تقریر ہے، جب سووا مسلم کالج کے طلبہ و طالبات کو دکھائی گئی تو اختلاف کا ایک طوفان اٹھ کھڑا ہوا۔ آخر فجی کے ایک سردار کی شکایت پر جو مسلم کالج کے ایک طالب علم کا والد ہے، وزارت تعلیم کے حکام نے فلم پر پابندی عائد کر دی ہے۔

راتو کیلپی لیسیانوی کے خیال میں فلم "عیسائیت کی کھلی مذمت" ہے۔ فجی کے میتھوڈسٹ چرچ نے خصوصی اجلاس بلانے کے بعد اس شکایت کی حمایت کی اور فلم پر پابندی لگوانے کے لیے ملک کے کئی حصوں میں احتجاجی جلوس نکالے کیوں کہ یہ فلم "مسیح کی کھلے بندوں توہین" تھی۔

تاہم فجی کے مسلم رہنماؤں کو اس سے اتفاق نہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ فلم کا مقصد حضرت عیسیٰؑ کو بدنام کرنا یا ان کی توہین کرنا نہ تھا۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ اسلام میں حضرت عیسیٰؑ کو اللہ تعالیٰ کے ایک پیغمبر کی حیثیت سے عزت و احترام حاصل ہے۔ ذرائع ابلاغ کو جاری کیے گئے ایک بیان میں فجی مسلم لیگ نے کہا ہے کہ "اگر کوئی مسلمان حضرت عیسیٰؑ کو بدنام کرنے کے بارے میں سوچے بھی" تو وہ نہایت سنگین گناہ کا مرتکب ہوگا۔ (منقولہ از ماہنامہ "فوکس" لیسٹر)

## ملائیشیا

### ملائیشیا کی "کرسچن فیڈریشن" کی طرف سے قانونِ حصولِ اراضی پر نکتہ چینی

ملائیشیا کی کرسچن فیڈریشن نے حصولِ اراضی کے قانون میں ترمیم پر نکتہ چینی کی ہے جس کے تحت حکومت کو یہ اختیار حاصل ہوگیا ہے کہ وہ عوام کے مفاد میں کسی بھی اراضی کو کسی بھی مقصد کے لیے حاصل کر سکتی ہے۔

اپنے ۳۰ جولائی ۱۹۹۱ء کے ایک بیان میں کرسچن فیڈریشن نے کہا کہ اس ترمیم سے آئین میں دیے گئے انفرادی حقِ ملکیت پر زد پڑے گی۔ ترمیم میں کہا گیا ہے کہ کسی فرد یا کارپوریشن کے زیر استعمال اراضی کو حکومت ایسے مقصد کے لیے حاصل کر سکتی ہے جو "بحیثیت مجموعی عوام یا عوام


© rasailojaraid.com